روزنامہ

الفضل

1913ء سے جاری شدہ

FR-10

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

سوموار 5 جنوری 2015ء 13 ربیع الاول 1436 ہجری 5 صلح 1394 ہش جلد 65-100 نمبر 4

خدا کا رسولؐ پاک کرتا ہے

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

ہم نے تمہارے اندر تم ہی میں سے رسول بھیجا ہے جو تم پر ہماری آیات پڑھ کر سناتا ہے اور تمہیں پاک کرتا ہے اور تمہیں کتاب اور (اس کی) حکمت سکھاتا ہے اور تمہیں ان باتوں کی تعلیم دیتا ہے جن کا تمہیں پہلے کچھ علم نہ تھا۔ (سورۃ البقرہ آیت 152)

اخلاق عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

لیکچر سیالکوٹ کی تصنیف کا منظر:

حضرت مسیح موعود 1904ء میں سیالکوٹ تشریف لے گئے آپ حکیم حسام الدین صاحب کے مکان کے بالائی حصہ میں رونق افروز تھے۔ وہیں آپ نے ''لیکچر سیالکوٹ'' جیسی معرکہ آرا تالیف فرمائی۔ حضرت حافظ محمد حیات صاحب پنشنر انسپکٹر پولیس حافظ آباد تحریر فرماتے ہیں:

''میرے دل میں یہ عشق تھا کہ دیکھوں حضرت صاحب کس طرح مصروف ہیں۔ حکیم صاحب نے اگر دیکھ لیا۔ یا کسی نے بتا دیا۔ تو ان کے خفا ہوتے جلدی جلدی نکل جاؤں گا۔ یہ بھی ممکن تھا کہ مجھے وردی میں ملبوس دیکھ کر حکیم صاحب معاف کر دیں۔ یہی بات دل میں ٹھان کر زینہ کے راستہ کوٹھے پر چلا گیا۔ اور آخری دروازہ کی اوٹ میں خاموشی سے کھڑا ہو گیا۔

میں حلفیہ بیان کے ساتھ عرض کرتا ہوں کہ

مسقّف مکان کے اوپر چاروں کونوں پر چھوٹے چھوٹے شہ نشین تھے۔ اور ان کے اندر بڑی بڑی چار دواتیں سیاہی کی ہر شہ نشیں پر ایک ایک کر کے پڑی ہوئی تھیں۔ حضرت صاحب کے ہاتھ میں لوہے کا قلم تھا۔ سر پر چھوٹی سی اونی ٹوپی جو دستار مبارک میں رکھتے تھے پہنی ہوئی تھی اور جلدی جلدی چلتے جاتے تھے۔ اور دوات کا ڈوبہ ایک جگہ سے لے کر پھر دوسری جگہ سے لیتے تھے۔ اور کاغذات لکھ لکھ کر لپیٹتے جاتے تھے۔ جب سارا ورق لکھا جاتا تھا۔ تو نیچے زمین پر پھینک دیتے تھے۔ اکثر جگہ پر یہ کاغذ پڑے ہوئے تھے کہ اتنے میں ایک لڑکا جوان عمر کا آیا اور جلدی میں سب کاغذات لے کر چلا گیا۔ میں نے آہستہ آہستہ اس سے پوچھا تم کیا کرو گے۔ اس نے کہا کہ میں کاپی نویس ہوں اور میری مدد پر دو چار آدمی نیچے بیٹھے ہیں۔ کوئی کتاب نہیں دیکھی۔ خدا کا جری چلتے چلتے لکھتا جاتا ہے اور کاغذات کے انبار پھر ہو جاتے ہیں۔ دوسرا کاپی نویس آیا اور وہ لے گیا۔

سلطان القلم کا نقشہ میرے سامنے آ گیا۔'' (الحکم 7 جولائی 1938ء صفحہ 3)

عاملہ مجلس انصاراللہ پاکستان

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے سال 2015ء کیلئے درج ذیل اراکین خصوصی و مجلس عاملہ انصاراللہ پاکستان کی منظوری عطا فرمائی ہے۔ اللہ تعالیٰ مجھے اور تمام اراکین عاملہ کو محنت کے ساتھ مقبول کام کرنے کی توفیق بخشے۔ آمین

اراکین خصوصی

☆ مکرم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب
☆ مکرم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب
☆ مکرم چوہدری حمید اللہ صاحب
☆ مکرم سید میر محمود احمد ناصر صاحب

اراکین عاملہ

نائب صدر اوّل مکرم ڈاکٹر عبدالخالق خالد صاحب
نائب صدر صف دوم مکرم مرزا فضل احمد صاحب
نائب صدر مکرم سیّد قاسم احمد شاہ صاحب
نائب صدر مکرم محمد اسلم شاد منگلا صاحب
قائد عمومی مکرم خواجہ مظفر احمد صاحب
قائد تعلیم مکرم مظفر احمد درانی صاحب
قائد تربیت مکرم ڈاکٹر محمد احمد اشرف صاحب
قائد تربیت نومبائعین مکرم شبیر احمد ثاقب صاحب
قائد ایثار مکرم میجر شاہد احمد سعدی صاحب
قائد اصلاح وارشاد مکرم عبدالسمیع خان صاحب
قائد ذہانت وصحت جسمانی مکرم عبدالجلیل صادق صاحب
قائد مال مکرم خالد محمود الحسن بھٹی صاحب
قائد وقف جدید مکرم سید قمر سلیمان احمد صاحب
قائد تحریک جدید مکرم لطیف احمد جھمٹ صاحب
قائد تجنید مکرم مشہود احمد صاحب
قائد اشاعت مکرم حنیف احمد محمود صاحب
قائد تعلیم القرآن مکرم محمد محمود طاہر صاحب
آڈیٹر مکرم سیّد غلام احمد فرخ صاحب
زعیم اعلیٰ ربوہ مکرم نصیر احمد چوہدری صاحب

باقی صفحہ 11 پر

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ

اجتماع لجنہ اماء اللہ برطانیہ سے حضور انور کا خطاب

26/اکتوبر 2014ء سوال و جواب کی شکل میں

بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات مجلس شوریٰ 2013ء

س: حضور انور نے یہ خطاب کب اور کس موقع پر ارشاد فرمایا؟

ج: حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے 26/ اکتوبر 2014ء کو لجنہ اماء اللہ برطانیہ کے اجتماع کے موقع پر انگریزی میں خطاب فرمایا۔

س: عورتوں کی مردوں کی نسبت زیادہ تعداد کس بات کی متقاضی ہے؟

ج: فرمایا! اگر ہم سادہ طور پر تعداد کے لحاظ سے دیکھیں تو جماعت احمدیہ میں عورتوں کی تعداد مردوں کی تعداد سے زیادہ ہے اور یہی صورتحال دنیا کی آبادی میں عمومی طور پر نظر آتی ہے ۔ لجنہ کی اس اہمیت اور اہم حیثیت کا تقاضا یہ ہے کہ ان کے تمام اعمال و کردار آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بتائی ہوئی تعلیم کے مطابق ہو جو قرآن کریم کی شکل میں آپ پر نازل ہوئی تھی اور اس دور میں اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کو اسی تعلیم کو اس کی اصلی حالت میں دوبارہ قائم کرنے کے لئے بھیجا ہے۔

س: عورتوں پر عائد بعض ذمہ داریوں اور پابندیوں کے حوالہ سے کیا بیان ہوا ہے؟

ج: فرمایا! ہمیشہ یاد رکھیں کہ قرآن کریم نے جہاں عورتوں پر ذمہ داریاں ڈالی ہیں اور بعض پابندیاں لگائی ہیں وہاں عورتوں کے ان گنت حقوق بھی قائم فرمائے ہیں۔ جہاں اللہ تعالیٰ نے نیک اعمال کی جزا کا کہا ہے وہاں یہ نہیں کہا کہ وہ صرف مردوں کی وجہ سے ہوگا بلکہ فرمایا ہے کہ دونوں یعنی مرد اور عورتیں اپنے نیک اعمال کی بناء پر انعام کے حقدار ہوں گے۔ پس اگر اللہ تعالیٰ نے بعض ایسی حدود قائم کی ہیں جنہیں عورت مشکل خیال کرتی ہے تو اس کی جزاء بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے اسی قدر زیادہ بڑی ہے۔ مثلاً یہاں پردہ کرنے کا حکم دیا ہے ساتھ یہ بھی بیان کیا ہے کہ خدا تعالیٰ وہ ہستی ہے جو غفور اور رحیم ہے اور اللہ تعالیٰ کی رحمت اور محبت ان عورتوں پر نازل ہو گی جو اس کے احکام کی پیروی کرنے والی ہوں گی۔

س: حضور انور نے لفظ ''فلاح'' کی کیا تشریح بیان فرمائی؟

ج: فرمایا! فلاح کا مطلب ہے بہبودی، کامیابی اور اس امر کا حصول جو انسان کا دل خواہش کرے یا مانگے۔ خوشی اور اطمینان اور امن و امان بھی اس کے معانی ہیں۔ فلاح سے مراد خدا کا فضل، حقیقی تسکین اور اطمینان سے پُر زندگی بھی ہے۔

س: ایک غیر مسلم عورت نے پردہ کی اہمیت کے متعلق اپنے مضمون میں کیا لکھا؟

ج: فرمایا! ایک غیر مسلم عورت نے کچھ عرصہ پہلے ایک مضمون لکھا جس میں اس نے کہا کہ وہ تمام مرد جو حجاب کے خلاف پراپیگنڈہ کرتے ہیں اور اس کے بارہ میں لڑتے ہیں وہ عورتوں کے حقوق کے بارے میں نہیں لڑ رہے بلکہ وہ تو صرف اپنی تسکین اور نفسانی لذت کے لیے یہ سب کر رہے ہیں۔

س: حضور انور نے عورت کے حجاب کے حوالہ سے کیا وضاحت فرمائی؟

ج: فرمایا! احمدی ہونے کے ناطے ہم بہت خوش قسمت ہیں کہ حضرت مسیح موعود نے ہمیں دین حق کا صحیح راستہ دکھایا جو میانہ روی کا راستہ ہے۔ ہم نہ عورتوں کو زبردستی تمام چہرے اور جسم کے پور پور کو پردہ میں رکھنے کا حکم دیتے ہیں۔ اس قدر کہ وہ چور اور ڈاکوؤں سے مشابہت اختیار کر لیتی ہیں جو اپنے آپ کو چھپاتے پھرتے ہیں اور نہ ہم دوسری انتہاء کو چھو رہے ہیں یعنی انہوں نے اپنی عورتوں کے سکارف اور دوپٹے بھی اتار دیئے ہیں اور وہ کثرت سے میک اپ کر کے بے حجابانہ جگہ جگہ پھرتی ہیں اور یوں معلوم ہوتا ہے کہ خدا کے اس حکم کا کھلے طور پر مذاق اڑا رہی ہیں۔

س: حضرت مسیح موعود کا اپنے اہل خانہ کے ساتھ کیا تعامل تھا؟

ج: فرمایا! حضرت مسیح موعود خود بھی اپنی اہلیہ حضرت اماں جان کے ساتھ سیر کے لیے باہر جاتے تھے۔ آپ نے فرمایا کہ ہم کبھی کبھار مختلف راستوں اور زمینوں میں سیر کے لئے جایا کرتے تھے۔ اس معاملے میں آپ نے کسی اعتراض کرنے والے کی پرواہ نہیں کی۔ چنانچہ حضرت مسیح موعود نے ایک حدیث کے حوالہ سے بیان کیا کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ کھلی ہوا سے لطف اندوز ہونا چاہئے اور اس سے فائدہ حاصل کرنا چاہئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہیں یہ نہیں فرمایا کہ یہ حکم صرف مردوں کے لئے خاص ہے۔ ایسا ہی حضرت مسیح موعود بھی فرماتے تھے کہ گھر کی چار دیواری کے اندر ہر وقت بند رہنے سے بعض اوقات کئی قسم کے امراض حملہ کرتے ہیں۔ اگر ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کی جانب نظر دوڑائیں تو ہمیں پتہ چلتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مختلف غزوات میں حضرت عائشہؓ کو بھی ساتھ لے جایا کرتے تھے اور آپ زخمی مسلمانوں کی مدد کیا کرتی تھیں۔ اس لئے پردہ کے بارے میں خدائی حکم کو میانہ روی کے ساتھ ملحوظ رکھنا چاہئے ۔ افراط اور تفریط سے پرہیز کرنا چاہئے۔

(ماخوذ از ملفوظات جلد سوم صفحہ 557)

س: عملی اصلاح کی بنیاد کس بات پر ہے؟

ج: فرمایا! عملی اصلاح کی بنیاد اس بات کو سمجھنے میں ہے کہ کسی گناہ یا اثم کو چھوٹا یا معمولی نہ سمجھا جائے بلکہ ہر وہ چیز جس سے خدا تعالیٰ نے بچنے کا حکم دیا ہے اس کو گناہ سمجھنا چاہئے۔ یاد رکھیں کہ بظاہر چھوٹے گناہ ہی ہوتے ہیں جو بڑے گناہوں کا پیش خیمہ بنتے ہیں۔

س: حضور انور نے روحانی انحطاط کی کیا وجہ بیان فرمائی؟

ج: فرمایا! دنیا میں کروڑوں مومن ہیں مگر بہت کم ایسے ہیں جو دین کی حقیقی تعلیم پر عمل کرتے ہیں۔ اس روحانی انحطاط کی وجہ یہ ہے کہ انہوں نے دین حق کے چھوٹے چھوٹے احکامات کو اہمیت دینا چھوڑ دی ہے چنانچہ آہستہ آہستہ وہ اپنے مذہب سے ہی دُور چلے گئے ہیں۔

س: حضرت مسیح موعود نے بیعت کی کیا غرض وغایت بیان فرمائی ہے؟

ج: حضرت اقدس مسیح موعود نے فرمایا ہے کہ جب ایک شخص نے بیعت کر لی تو یہ ضروری ہے کہ وہ یہ سمجھے کہ بیعت صرف زبانی عہد نہیں بلکہ خود کو مکمل طور پر ایمان کے سپرد کر دینا ہے لہٰذا ان کو اپنے ایمان کی خاطر ہمیشہ ہر قسم کی ذلّت اور نقصان برداشت کرنے کے لئے تیار رہنا چاہئے۔ بہت سے لوگ ہیں جنھوں نے زبانی طور پر بیعت تو کی ہے لیکن وہ بیعت کی شرائط کو پورا نہیں کرتے۔ لہٰذا جب بھی ان کو کوئی مسئلہ درپیش ہوتا ہے تو وہ خدا کو الزام دینے لگ جاتے ہیں کہ ان کے ساتھ ایسا کیوں ہوا؟ ایسے لوگ سمجھتے ہیں کہ صرف بیعت کر لینا ہی کافی ہے اور پھر یہ امید رکھتے ہیں کہ انہیں پھر کبھی کسی مشکل اور تکلیف کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔ حالانکہ سچ یہ ہے کہ بیعت کرنے کی بعد انسان کو خدا تعالیٰ کے چھوٹے سے چھوٹے حکم کی تعمیل کی بھی کوشش کرنی چاہئے۔

س: ایمان بالغیب کے حوالہ سے حضور انور نے کیا وضاحت فرمائی؟

ج: فرمایا! ہمیں ہمیشہ یاد رکھنا چاہئے کہ بنیادی تعلیم جو ہے وہ غیب پر ایمان لانا ہے اور غیب پر ایمان لانا حیات بعد الموت پر پختہ ایمان کا تقاضا کرتا ہے لہٰذا ہمیں ہر وقت اس ابدی زندگی کو مدنظر رکھنا چاہئے۔ غیب پر ایمان کا مطلب ہے کہ ہم یہ یقین رکھیں کہ خدا ہمارے سارے کاموں کو دیکھ رہا ہے اور وہ ہمارے ہر خیال کو جانتا ہے اور وہ ہمیں اس کے مطابق ہی سزا یا جزا دیتا ہے۔ پس اگر ہم اس کے حکموں کی تعمیل نہیں کرتے تو ہمیں شکایت نہیں کرنی چاہئے کہ خدا کو ہم سے بہتر سلوک کرنا چاہئے۔

س: خطاب میں عورتوں پر حضرت مسیح موعود کے کس احسان عظیم کا ذکر ہوا ہے؟

ج: فرمایا! حضرت مسیح موعود کا ایک بڑا احسان یہ ہے کہ مرد عورتوں پر بے جا سختی نہ کریں اور تحکمانہ رویہ نہ رکھیں بلکہ مرد اللہ تعالیٰ کے حکموں کی پابندی کریں اور عورتوں کے لئے خود اچھا نمونہ بنیں۔ ایسا نہ ہو کہ مرد عورتوں پر بے جا سختیاں کریں اور اپنے آپ کو مکمل طور پر آزاد سمجھیں۔ اس لئے پہلے مردوں کیلئے حکم ہے کہ وہ تقویٰ سے زندگی گزاریں اور اگر وہ ایسا کریں گے تو عورتیں خود بخود ہی ان کے پیچھے ہولیں گی۔

س: حضور انور نے عورتوں کو پردہ کرنے کے متعلق کیا نصیحت فرمائی؟

ج: فرمایا! ایک مرتبہ حضرت مسیح موعود نے فرمایا کہ اگر عورتیں پردہ نہیں کرتیں اور شرم و حیا سے کام نہیں لیتیں اور مردوں میں ان کا آنا جانا بالکل عام ہے تو اس کی مثال ایسی ہے کہ جیسے کسی بھوکے کُتے کے سامنے نرم نرم روٹیاں رکھ دی جائیں اور یہ توقع رکھی جائے کہ وہ روٹی نہیں کھائے گا۔ اس لئے عورتوں کو چاہئے کہ وہ اپنی زینت کی حفاظت کی طرف بھرپور توجہ دیں اور اپنے آپ کو مردوں کی بدنظری سے بچائے رکھیں۔ یاد رکھیں کہ احمدی عورتوں کو چاہئے کہ اپنی عزت اور ناموس کی حفاظت پردہ کے ذریعہ سے کریں۔

س: حضرت مسیح موعود نے بیعت کرنے کے کیا دو فائدے بیان فرمائے ہیں؟

ج: حضرت اقدس مسیح موعود نے فرمایا کہ بیعت کرنے کے دو عظیم فائدے ہیں۔ پہلا تو یہ کہ انسان کو خدا کا محبوب بناتی ہے اور انسان کو نیک بنانے اور روحانی طور پر ترقی کرنے میں مدد کرتی ہے۔ دوسرا فائدہ یہ ہے کہ انسان شیطانی اثرات سے محفوظ رہتا ہے۔

س: حضور انور نے انسانی پیدائش کے اصل مقصد عبادت کی کیا تفصیل بیان فرمائی؟

ج: فرمایا! اللہ نے فرمایا کہ انسانوں کو اس کی عبادت کرنی چاہئے اور عبادت ہی انسان کی پیدائش کا اصل مقصد ہے۔ عبادت یہ ہے کہ پانچ وقت نماز ادا کی جائے اور ہر لحہ ذکر الٰہی کیا جائے۔ تاہم اس کے علاوہ سچی عبادت اس بات کا بھی تقاضا کرتی ہے کہ ہمارا ہر عمل خدا کی رضا کی خاطر ہو۔ اگر یہی ہماری نیت ہوگی تو ہمارا ہر عمل چاہے چھوٹا ہو یا بڑا عبادت بن جائے گا۔ وہ اپنے گھروں کی دیکھ بھال کریں، بچوں کی تربیت کریں، پردہ، اپنی زینت، وقار کا خیال رکھیں، اور اس مقصد کے حصول کے لئے شادی کریں تو یہ بھی اس کی عبادت ہے۔ اللہ کے اور بھی بہت سے حکم ہیں سب کے سب کی اگر تعمیل کی جائے تو اسے بھی خدا کی عبادت ہی کہا جائے گا۔

س: خطاب میں حجاب کے کیا فوائد بیان ہوئے ہیں؟

ج: فرمایا! اس معاشرہ میں اگر آپ پورے طریقہ سے حجاب کو ملحوظ رکھتی ہیں تو آپ اللہ کے بہت سے انعامات کی مستحق بنتی ہیں۔ اگر آپ پورے طریقہ سے حجاب کریں گی تو آپ اندر اور باہر سے بالکل پاک ہو جائیں گی۔ جب آپ کے کپڑے پُر وقار

باقی صفحہ 11 پر

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .....مطبع: ضیاء الاسلام پریس .....مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ ..... قیمت 5 روپے

حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی عظمت شان اور مقام کے متعلق حضرت مصلح موعود کی تحریرات

وہ میری جان اور دل ہے۔ روحانی دنیا کی آخری کڑی ہے۔ کونے کا پتھر ہے۔ صاحب کوثر ہے۔ مجمع البحار ہے

مرتبہ: مکرم محمد رئیس طاہر صاحب

وہ میری جان ہے

ایک معترض کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

اسے اس محبت اور پیار اور عشق کا علم کس طرح ہو جو میرے دل کے ہر گوشہ میں محمد رسول اللہ ﷺ کے لئے ہے۔ وہ کیا جانے کہ محمد ﷺ کی محبت میرے اندر کس طرح سرایت کر گئی ہے وہ میری جان ہے۔ میرا دل ہے میری مراد ہے۔ میرا مطلوب ہے۔ اس کی غلامی میرے لئے عزت کا باعث ہے اور اس کی کفش برداری مجھے تخت شاہی سے بڑھ کر معلوم دیتی ہے۔ اس کے گھر کی جاروب کشی کے مقابلہ میں بادشاہت ہفت اقلیم ہیچ ہے۔ وہ خدا تعالیٰ کا پیارا ہے۔ پھر میں کیوں اس سے پیار نہ کروں۔ وہ اللہ تعالیٰ کا محبوب ہے پھر میں اس سے کیوں محبت نہ کروں۔ وہ خدا تعالیٰ کا مقرب ہے پھر میں کیوں اس کا قرب نہ تلاش کروں۔ میرا حال مسیح موعود کے اس شعر کے مطابق ہے کہ ؎

بعد از خدا بعشق محمدؐ مخمرم
گر کفر ایں بود بخدا سخت کافرم

(حقیقۃ النبوۃ: انوار العلوم جلد 2 ص 501)

سچی غلامی کی برکت

دوستو! میرا یقین اور کامل یقین ہے کہ اللہ تعالیٰ ایک ہے اور اس کا کوئی شریک نہیں۔ میرے پیارو! پھر میرا یقین ہے کہ حضرت محمد رسول اللہ ﷺ اللہ تعالیٰ کے رسول اور خاتم الانبیاء ہیں میرا یقین ہے کہ آپ کے بعد کوئی شخص نہیں آ سکتا جو آپ کی دی ہوئی شریعت میں سے ایک شعشہ بھی منسوخ کر سکے۔

میرے پیارو! میرا وہ محبوب آقا سید الانبیاءؐ ایسی عظیم الشان شان رکھتا ہے کہ ایک شخص اس کی غلامی میں داخل ہو کر کامل اتباع اور وفاداری کے بعد نبیوں کا رتبہ حاصل کر سکتا ہے۔ یہ سچ ہے کہ آنحضرت ﷺ ہی کی ایسی شان اور عزت ہے کہ آپؐ کی سچی غلامی میں نبی پیدا ہو سکتا ہے یہ میرا ایمان ہے اور پورے یقین سے کہتا ہوں۔

پھر میرا یقین ہے کہ قرآن مجید وہ پیاری کتاب ہے جو آنحضرت ﷺ پر نازل ہوئی ہے اور وہ خاتم الکتب اور خاتم شریعت ہے۔

(کلمات طیبات۔ انوار العلوم جلد 2 ص 3)

بے مثال عشق

جو لوگ میرے خطبات اور تقریریں سنتے ہیں وہ جانتے ہیں کہ مجھ پر کبھی کوئی ایسا وقت نہیں آیا جب رسول کریم ﷺ کی زندگی کا کوئی واقعہ میں نے بیان کیا ہو اور رقت سے میرا گلا نہ پکڑا گیا ہو۔ دنیا میں محبتیں ہوتی ہیں کسی وقت کم اور کسی وقت زیادہ۔ مگر رسول کریم ﷺ سے مجھے ایسی شدید محبت ہے کہ مجھے اپنی زندگی میں ایک مثال بھی ایسی یاد نہیں کہ میں نے آپ کا ذکر کیا ہو اور مجھ پر رقت طاری نہ ہو گئی ہو اور میرا قلب محبت کی گہرائیوں میں نہ ڈوب گیا ہو۔

(خطبات محمود جلد 25 ص 137)

ہم انہی عقائد پر قائم ہیں اور قائم رہیں گے جو رسول کریم ﷺ کی عزت کو بڑھانے کا موجب ہیں۔ اگر گورنمنٹ اس جرم پر ہم سب کو گرفتار کر لے اور ہمارے سروں پر آرے رکھ کر جسموں کو چیر ڈالے تب بھی ہم محمد ﷺ کی محبت کو دنیا کی ہر چیز پر مقدم رکھیں گے۔

(خطبات محمود جلد 25 ص 469)

عشق محمد ربہ

ضل کے معنے کسی کام میں منہمک ہو جانے کے بھی ہیں..... یہی معنے ووجدك ضالاً فهدىٰ (الضحیٰ) کی آیت میں ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے جب ہم نے تجھے اپنی محبت میں منہمک دیکھا اور اپنے عشق میں کھویا ہوا پایا تو اس کے نتیجہ میں ہم نے اپنی ذات تک تیری راہنمائی فرمائی۔ اردو میں بھی کھویا ہوا کھویا رہنا انہی معنوں میں استعمال ہوتا ہے..... ووجدك ضالاً کے معنی بالکل اسی محاورہ کے مطابق ہیں یعنی محمد رسول اللہ ﷺ عشق الٰہی میں محو ہو گئے تھے اور ہر وقت کھوئے کھوئے رہنے لگ گئے تھے۔ اللہ تعالیٰ کو ان کی یہ ادا پسند آئی اور یہ عشق اس کے عشق کو جذب کرنے کا موجب ہو گیا۔ پس جو عاشق اس کے عشق میں کھویا گیا تھا وہ اسے خود جا کر اپنے دروازہ تک لے آیا۔

(تفسیر کبیر جلد اول ص 36)

آخری کڑی

حدیث اسراء جس میں محمد رسول اللہ ﷺ نے آدم کو پہلے آسمان پر دیکھا اور اپنی نسبت یہ دیکھا کہ آپ آسمان کی آخری منزل تک گئے اس میں بھی اسی طرف اشارہ ہے کہ روحانی عالم کے ارتقاء کی پہلی کڑی آدم تھے اور آخری کڑی محمد رسول اللہ ﷺ تھے۔ گویا جس روحانی دنیا کی ابتداء آدمؑ کی صورت میں ظاہر ہوئی اس کی انتہا محمد رسول اللہ ﷺ کی شکل میں ظاہر ہوئی۔

(تفسیر کبیر جلد 1 ص 270)

کونے کا پتھر

جلسہ ہائے سیرۃ النبیؐ کے متعلق فرماتے ہیں:۔

ہمارے ان جلسوں کی غرض یہ ہوگی کہ رسول کریم ﷺ کی ذات کو غیر مذاہب کے سامنے پیش کیا جائے اور ان کو بتایا جائے کہ ہمارے رسول کریم ﷺ پر ان کا اعتراض کرنا فضول ہے۔ یہ کونے کا پتھر ہے جو اس پر گرے وہ بھی چور چور ہو جاتا ہے اور جس پر یہ گرے وہ بھی چور چور ہو جاتا ہے۔ ایک زمانہ وہ تھا جبکہ رسول کریم ﷺ زندہ تھے اس وقت آپ جس پر گرتے وہ چور چور ہو جاتا۔ اب یہ زمانہ آیا کہ لوگ آپ پر گرتے ہیں اب ان کو یہ بتانا ہے کہ آپ چونکہ کونے کا پتھر ہیں اس لئے جو آپ پر گرے وہ بھی چور چور ہو جاتا ہے۔ یہی نہیں کہ رسول کریم ﷺ اپنی زندگی میں جس پر حملہ کرتے اس پر فتح پاتے بلکہ آپ کی وفات کے بعد بھی آپ پر جو حملہ کرے گا وہ بھی مغلوب ہی ہوگا۔

(خطبات محمود جلد 11 ص 297)

اخلاص و عشق الٰہی

یہ تعلیم کہ اٹھتے بیٹھتے، کھاتے پیتے، چلتے پھرتے ہر وقت خدا کو یاد رکھو۔ اس اخلاص، اس محبت، اس عشق، اس پیار، اس شیفتگی کا پتہ دیتی ہے جو نبی کریم ﷺ کو خدا سے تھی۔ پھر اسی تعلیم کا اثر دیکھ کر مسلمانوں کے بچے، بوڑھے، جوان، عورتیں سب اسی رنگ میں رنگین ہیں۔ کوئی بچہ گرتا ہے تو فوراً منہ سے حسبك اللّٰه، جب کوئی خوشی ہوتی ہے تو زبانیں پکار اٹھتی ہیں الحمدللہ۔ آخر یہ بات کس نے ان کے دل میں ڈالی؟ رسول کریم ﷺ نے۔ انسان اپنے پیارے کا نام کسی نہ کسی بہانے سے ضرور سننا چاہتا ہے۔ پس نبی کریم ﷺ کا پیارا تو خدا تھا۔ آپؐ نے ہر حرکت و سکون ہر قول و فعل سے پہلے پیارے کا نام بتا دیا۔

(سیرۃ النبیؐ۔ انوار العلوم جلد 1 ص 369)

مجسم قرآن

دوسرا مأخذ قرآنی علوم کا حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ذات ہے۔ آپؐ پر قرآن نازل ہوا اور آپؐ نے قرآن کو اپنے نفس پر وارد کیا۔ حتیٰ کہ آپؐ قرآن مجسم ہو گئے۔ آپؐ کی ہر حرکت اور آپ کا ہر سکون قرآن کی تفسیر تھے۔ آپؐ کا ہر خیال اور ہر ارادہ قرآن کی تفسیر تھا۔ آپؐ کا ہر احساس اور ہر ہر جذبہ قرآن کی تفسیر تھا۔ آپؐ کی آنکھوں کی چمک میں قرآنی نور کی بجلیاں تھیں اور آپؐ کے کلمات قرآن کے باغ کے پھول ہوتے تھے۔ ہم نے اس سے مانگا اور اس نے دیا۔ اس کے احسان کے آگے ہماری گردنیں خم ہیں۔ (تفسیر کبیر جلد 3 ص ج)

صرف آپؐ کو کلمہ عطا کیا گیا

حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر بنی اسرائیل کے آخری نبی تک کوئی کلمہ نہ تھا۔ صرف وہی کلمہ ہے جو محمد رسول اللہ ﷺ نے پیش کیا ہے۔ کیونکہ اگر پہلے خدا تعالیٰ کے نام کے ساتھ کسی نبی کا نام لگایا جاتا تو اور پھر اسے ہٹایا جاتا تو یہ بے ادبی ہوتی۔ پس صرف محمد رسول اللہ ﷺ کا نام ہی خدا تعالیٰ کے نام کے ساتھ لگایا گیا کیونکہ محمد رسول اللہ ﷺ کے نام نے قیامت تک چلنا تھا۔ غرض اللہ تعالیٰ کی یہ سنت ہے کہ جس چیز نے مٹ جانا ہو اسے نام نہیں دیا جاتا۔ چونکہ اس امت نے قیامت تک رہنا تھا اس لئے اسے مسلم نام دے دیا گیا۔ اسی طرح آپ کی تعلیم کو بھی ایک نام دے دیا گیا۔ یعنی قرآن پہلی کتابوں مثلاً تورات اور انجیل وغیرہ کا نام خدا تعالیٰ نے نہیں رکھا۔ لیکن رسول کریم ﷺ کی کتاب کا نام قرآن خود خدا نے رکھا ہے۔

(تفسیر کبیر جلد 2 ص 205)

یہی وہ کوثر ہے

ہر نبی جو دنیا میں آیا اسی کا یہی کام تھا کہ وہ تلاوت آیات کرتا۔ کتاب اللہ کی تعلیم دیتا احکام کی حکمتیں بتاتا اور تزکیہ نفوس کرتا اور یہی کام محمد رسول اللہ ﷺ نے بھی سرانجام دینے تھے۔ مگر اللہ تعالیٰ نے نہ صرف دعائے ابراہیمی کو قبول فرما کر بنو اسماعیل میں سے ایک عظیم الشان رسول بھیج دیا جس نے یہ چاروں کام کئے بلکہ اسے وہ مقام فضیلت بھی عطا فرمایا کہ اس نے تلاوت آیات۔ تعلیم کتاب تعلیم حکمت اور تزکیہ نفوس میں ایسا نمایاں کام کیا۔ جس کی نظیر دنیا کے کسی اور نبی کی زندگی میں نظر نہیں آتی اور درحقیقت یہی وہ کوثر ہے جو محمد رسول اللہ ﷺ کو عطا کیا گیا۔ (تفسیر کبیر جلد 2 ص 190)

ساری دنیا کی طرف مبعوث ہوئے

رسول کریم ﷺ نے یہ دعویٰ فرمایا کہ آپ ساری دنیا کی طرف مبعوث ہوئے ہیں اور پھر آپ نے یہ بھی دعویٰ فرمایا کہ تمام متفرق قوموں اور جماعتوں کو میرے ذریعے دین واحد پر اکٹھا کر دیا جائے گا۔ دیکھو کس عجیب رنگ میں اور کس شان و

شوکت سے یہ پیشگوئی پوری ہوئی۔ آخر مختلف اقوام عالم کے ایک جگہ جمع کر دینے کی خبر سوائے خدا کے اور کون دے سکتا تھا اور آئندہ جو کچھ مقدر ہے وہ تو اس سے بھی زیادہ ہے۔

(تفسیر کبیر جلد 2 ص 165)

روحانی خورشید

قرآن کریم میں روحانی نظام کو جسمانی نظام سے مشابہت دی ہے۔ سورۃ الاحزاب میں اللہ تعالیٰ رسول کریمؐ کی نسبت فرماتا ہے یآ ایھا النبی ..... (ع 6/3) اے نبیؐ ہم نے تجھے گواہ اور بشارت دینے والا اور ڈرانے والا اور اللہ تعالیٰ کے حکم سے اس کی طرف بلانے والا اور روشن سورج بنا کر بھیجا ہے۔ جیسا کہ دوسری آیات سے ظاہر ہے۔ رسول کریم ﷺ نظام نبوت کے لئے بطور مرکز کے ہیں۔ جس طرح سورج نظام دنیاوی کے لئے بطور مرکز کے ہے۔ پس آپؐ کو سورج کہہ کر بتایا ہے کہ روحانی آسمان میں تیرے سوا اور ستارے اور چاند بھی ہیں جو سب کے سب تیرے گرد گھومتے ہیں۔ یہ ستارے اور چاند دوسرے انبیاء میں جن کی نبوتیں رسول کریم ﷺ کے لئے بطور ارہاص کے تھیں اور سب نبی آپؐ کے گرد ستاروں کی طرح چکر کھاتے ہیں۔ جس طرح وسیع روحانی نظام میں دوسرے انبیاء رسول کریم ﷺ کے لئے بمنزلہ ستاروں کے تھے اور آپؐ ان میں سورج کے طور پر تھے اسی طرح ایک چھوٹے دائرہ میں آپؐ بمنزلہ سورج کے تھے اور آپؐ کے صحابہ بمنزلہ ستاروں کے تھے۔ چنانچہ رسول کریم ﷺ فرماتے ہیں کہ اصحابی کالنجوم ..... (مشکوٰۃ المصابیح باب مناقب الصحابہ) میرے صحابہ میرے گرد ایسے ہیں جس طرح سورج کے گرد ستارے اور جس طرح ستارے جب تک سورج کے نظام سے وابستہ رہتے ہیں۔ لوگوں کو راہ دکھانے کا موجب ہوتے ہیں۔ اسی طرح میرے اصحاب میں سے جو میرے نظام سے وابستہ رہیں گے۔ وہ ستاروں کا کام دیں گے۔ جزوی اختلافات کے باوجود ان میں سے جس کی اتباع بھی تم کرو گے ہدایت پا جاؤ گے"۔

(تفسیر کبیر جلد 4 ص 30)

دعائے ابراہیمی کا مصداق

اس آیت (سورۃ البقرہ آیت نمبر 130) کو دیکھنے سے معلوم ہوسکتا ہے کہ اس میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ایک دعا کا ذکر ہے جو انہوں نے مکہ میں ایک نبی کے مبعوث ہونے کے لئے کی ہے اور اس دعا کا مضمون یہ ہے کہ اس شہر اور اس قوم میں ایک ایسا نبی مبعوث ہو جو (1) اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایمان اور یقین کو درست اور مضبوط کرنے والے اور اللہ تعالیٰ سے تعلق پیدا کرنے والے دلائل لوگوں کے سامنے بیان کرے جو دنیا کو خدا تعالیٰ تک پہنچانے کے لئے راستہ کے نشان اور شمع ہدایت ثابت ہوں (2) وہ لوگوں کے سامنے ایک مکمل کتاب پیش کرے۔ (3) جو شریعت وہ دنیا کے سامنے پیش کرے اس کے اندر احکام اور مذہب کی اور ان تمام دینی امور کی جن پر مذہب کی ترقی کا مدار ہے حکمت بھی بیان کی گئی ہو (4) وہ ایسے ذرائع اختیار کرے اور ایسے طریق بتائے جن سے قوم کی ترقی اور پاکیزگی کے سامان پیدا ہوں۔

(تفسیر کبیر جلد 1 ص 55)

مجمع البحار

یہ قرآن کریم کا کیسا شاندار معجزہ ہے کہ ایک امی جو اپنی زبان میں بھی پڑھنا لکھنا نہیں جانتا تھا اور پھر عرب قوم کا فرد جو تعصب قومی میں ساری دنیا سے بڑھی ہوئی تھی قرآن کریم سے حکم پا کر اعلان کرتا ہے کہ اسی کلام پر ایمان لانے سے نجات نہ حاصل ہوگی جو مجھ پر نازل ہوا ہے بلکہ خدا تعالیٰ کی ہدایت کے مستحق بننا چاہتے ہو تو جو وحیاں مجھ سے پہلے نازل ہو چکی ہیں ان پر بھی ایمان لاؤ۔ اسی کی تشریح دوسری جگہ یوں فرماتا ہے۔ ان من امۃ ..... (فاطر ع 3) کوئی قوم ایسی نہیں گزری جس میں خدا تعالیٰ کا مامور نہ آیا ہو اور فرماتا ہے ولکل قوم ھاد (رعد ع 1) ہر قوم میں خدا تعالیٰ کی طرف سے ہادی گزرا ہے گویا محمد رسول اللہ ﷺ مجمع البحرین ہی نہیں مجمع البحار ہیں جو آپؐ پر ایمان لائے اس کے لئے ضروری ہے کہ ابتدائی عراقی نبیوں آدم۔ نوح اور ابراہیم علیہم السلام پر بھی ایمان لائے اور جو آپؐ پر ایمان لائے وہ یہودی نبیوں موسیٰ، داؤد، ادریس، الیاس، زکریا اور یحییٰ پر بھی ایمان لائے اور جو آپؐ پر ایمان لائے وہ مسیحیت کے بانی عیسیٰ علیہ السلام پر بھی ایمان لائے اور جو آپؐ پر ایمان لائے وہ ہندوستان کے نبیوں کرشن اور رامچندر پر بھی ایمان لائے اور جو آپؐ پر ایمان لائے وہ ایرانی نبی زردشت پر بھی ایمان لائے۔ اس سے زیادہ رواداری اور اس سے زیادہ صداقت طلبی کا کیا ثبوت ہے۔ کوئی قومی تعصب نہیں، کوئی نسلی امتیاز نہیں صرف اور صرف صداقت اور راستی کی طلب ہے جہاں بھی ملے اس کا اقرار، جہاں بھی پوشیدہ ہو اس کا اظہار۔

(تفسیر کبیر جلد 1 ص 142)

ماضی صداقت کا ثبوت ہے

نبی کریم ﷺ کی سچائی کا ایک ثبوت خدا تعالیٰ نے قرآن شریف میں یہ دیا ہے کہ قل لو شآء ..... (یونس:17) یعنی اے نبی تو ان لوگوں کو کہہ دے کہ اگر اللہ چاہتا تو میں یہ آیات تمہارے سامنے نہ پڑھتا اور نہ تم کو ان کی خبر دیتا۔ پس تحقیق میں نے اس سے پہلے ایک عمر تم میں گزاری ہے پھر تم کیوں عقل نہیں کرتے۔ یعنی میں تم میں ایک لمبا عرصہ گزار چکا ہوں پھر تم میری سچائی میں کیا شک لاتے ہو۔ کیونکہ اگر مجھے پہلے افتراء کرنے کی عادت ہوتی تو اس موقعہ پر بھی تم شک کر سکتے تھے کہ اس کو کوئی الہام نہیں ہوتا بلکہ یہ خود بنا لیتا ہے۔ لیکن جب تم میرے پچھلے حالات سے واقف ہو اور جانتے ہو کہ میں جھوٹا نہیں ہوں تو اس موقعہ پر کیوں یہ شک کرتے ہو اور جب میں انسانوں پر جھوٹ نہیں بولتا تھا تو کس طرح ممکن ہے کہ اب خدا پر جھوٹ بولوں۔ اب دیکھنا چاہئے کہ ایک رسول کے لئے خدا تعالیٰ نے یہ ایک ثبوت رکھا ہے کہ وہ اپنی پچھلی زندگی کی نظیر دے کر اپنی سچائی کو ثابت کرتا ہے کہ میں ہمیشہ سے نیک عمل کرتا رہا ہوں اور جھوٹ سے مجھے نفرت رہی ہے۔ پھر اب میں کیوں خدا پر افتراء باندھنے لگا۔

(صادقوں کی روشنی۔ انوار العلوم جلد 1 ص 165)

حضرت یوسفؑ سے مشابہت

رسول کریم ﷺ کو حضرت یوسف علیہ السلام سے مشابہت ہے۔ آپؐ کے دشمنوں نے بھی آپ کو لالچ دے کر دین سے پھرانا چاہا تھا۔ چنانچہ تاریخوں میں آتا ہے کہ ایک دفعہ رسول کریم ﷺ کے پاس کفار کا ایک وفد آیا اور انہوں نے آپؐ سے کہا کہ اگر آپؐ نے یہ دعویٰ روپیہ کے لئے کیا ہے تو ہم اس قدر روپیہ جمع کر دیتے ہیں کہ آپ سب سے زیادہ مالدار ہو جائیں اور اگر عزت کے لئے کیا ہے تو ہم آپؐ کو اپنا سردار بنا لیتے ہیں اور اگر عورت کی آپ کو خواہش ہو تو سب سے حسین عورت آپ کی خدمت میں پیش کر دیتے ہیں مگر آپ یہ وعظ چھوڑ دیں۔ اس پر آپؐ نے جواب دیا کہ اگر سورج کو میرے دائیں اور چاند کو میرے بائیں لا کھڑا کرو تب بھی میں تمہاری بات نہیں مان سکتا۔

(تفسیر کبیر جلد 3 ص 299)

فہم قرآن

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ما ینطق ..... رسول کریم ﷺ قرآن کریم کے متعلق جو کچھ فرماتے تھے وحی الٰہی کے مطابق فرماتے تھے غلطی نہیں کرتے تھے پس جس کو اللہ تعالیٰ نے محفوظ رکھا اس کے فہم قرآن کو دوسروں کے فہم پر مقدم کیا جائے گا۔ ہمارا یہ حق ہے کہ یہ بحث کریں کہ یہ حدیث صحیح نہیں مگر یہ نہیں کہہ سکتے کہ حدیث تو صحیح ہے مگر رسول کریم ﷺ نے غلطی کی۔ نعوذ باللہ من ذالک۔ قرآن کریم کی تعلیم کے بارہ میں آپؐ کی تفسیر اگر ہماری سمجھ میں نہیں آتی تو بھی آپؐ ہی کی تفسیر کو ہمیں صحیح ماننا پڑے گا۔ بشرطیکہ جس حدیث میں وہ مذکور ہے وہ صحت احادیث کے اصول پر پوری اترتی ہو۔

(تفسیر کبیر جلد 4 ص 219)

مقام محمود

اذان کے بعد کی دعا کے متعلق فرماتے ہیں:۔

اس میں یہ سکھایا گیا ہے کہ اے خدا جس نے اس کامل دین کو دنیا میں قائم کیا ہے۔ جس میں کوئی نقص نہیں اور وہ آواز بلند کی جس میں تمام روحانی بیماریوں کا علاج موجود ہے۔ ایسے طریقوں سے دنیا کو اپنی طرف بلایا ہے کہ اس سے بڑھ کر کوئی کامل آواز ہو نہیں سکتی۔ پھر دنیا میں ایسی عبادت قائم کی ہے جو ہمیشہ راسخ رہے گی اور اس کا نفع اور فوائد ایسے وسیع ہوں گے کہ ان میں کبھی کمی نہیں ہوگی۔ حقیقی فوائد جو عبادت کے ہیں وہ نماز سے ہی پہنچیں گے اور وہ سچی راہنمائی جو انسانوں کے لئے مقصود ہے صرف اسی آواز سے ہوتی رہے گی جو رسول کریم ﷺ نے بلند کی۔ پس اے خدا جس نے یہ دونوں چیزیں قائم کی ہیں۔ یعنی ایک وہ دعوت جس کی وجہ سے لوگ ہمیشہ اسلام میں جمع ہوتے رہیں گے اور ایک وہ روحانی روشنی کا مینار۔ نماز۔ جس سے لوگ تیری طرف راہنمائی حاصل کرتے رہیں گے۔ ہم ان دو کا واسطہ دے کر کہتے ہیں۔ جب یہ دونوں چیزیں تو نے محمد رسول اللہ ﷺ کے ذریعہ قائم کیں تا کہ انسان کی کامل اصلاح ہو جائے اور وہ تیرا قرب پا سکے تو اے خدا جس طرح تیرے اس رسول نے ہمارے لئے تیرا قرب پانے کا رستہ کھول دیا ہے تو بھی اس کو اور زیادہ قرب عطا فرما اور جس طرح اس نے مسلمانوں کو برتری کے مقام کی طرف بلایا تو بھی اس کو اور برتری بخش۔ یعنی ایک تو اس کو اپنا ذاتی قرب عطا کر۔ اس لئے کہ اس نے ہمارے لئے تیرے قرب کی راہیں کھولیں اور دوسرے اس کا مرتبہ بلند کر۔ کیونکہ ہمارے لئے اس نے بلند مرتبہ پانے کا راستہ قائم کیا۔ پس تو اس کو وہ مقام دے جس پر آج تک اور کوئی نہ پہنچا ہو اور وہ مقام مقام محمود ہی ہے۔

(خطبات محمود جلد 1 ص 79)

پاک و مطہر زندگی

قرآن شریف ضرور قابل اعتماد ہے جو تبدیل نہیں ہوا۔ عیسائیوں اور یہودیوں کے خیال میں نبی کریم ﷺ کا اپنا بنایا ہوا اور مسلمانوں کے نزدیک خدا کا کلام۔ دونوں صورتوں میں نبی کریم ﷺ کی زندگی پاک اور مطہر ثابت ہوتی ہے۔ کیونکہ ان پاک خیالات کا منبع وہی قلب ہو سکتا ہے جو ہر قسم کی آلائشوں سے پاک ہو۔ اگر کوئی قلب اس قسم کے پاک و جامع کلام کا اہل ہوتا تو آدمؑ سے لے کر آپؐ کے زمانہ تک کسی اور نبی پر یہ القاء ہوتا۔ ابراہیمؑ بھی خدا کو بہت پیارا تھا۔ موسیٰؑ بھی بہت پیارا تھا۔ عیسیٰؑ بھی۔ مگر ان پیاروں میں سے کسی کو وہ کلام نہ دیا بلکہ اپنے سب سے پیارے نبی عربی ﷺ کو دیا۔ انسان کی فطرت میں بھی یہ امر ہے کہ وہ اعلیٰ سے اعلیٰ، عمدہ سے عمدہ چیز اپنے پیارے بچے کے لئے رکھتا ہے۔ پس خدا نے بھی اپنا لاثانی کلام اپنے اسی بندے کو دینا تھا جو سب پیاروں سے زیادہ پیارا تھا نہ کہ کسی گندوں سے بھرے ہوئے انسان کو جیسا کہ نعوذ باللہ مخالفین کا آنحضرت ﷺ کے بارے میں گمان ہے۔ غور کرنے کی بات ہے کہ قرآن مجید کا کوئی رکوع بلکہ کوئی آیت عظمت و جبروت الٰہی کے ذکر سے خالی نہیں۔ جس سے واضح ہوتا کہ آنحضرت ﷺ کو کس قدر تعلق و اخلاص اللہ تعالیٰ سے تھا پھر مختلف حالات و اوقات کے متعلق جو احکام ہیں ان پر غور کریں تو بھی آپ ﷺ کی پاک و مطہر زندگی کا ثبوت ملتا ہے۔

(سیرۃ النبیؐ۔ انوار العلوم جلد 1 ص 368)

مکرم ریاض محمود باجوہ صاحب دفتر شعبہ تاریخ احمدیت

محترم مولانا دوست محمد شاہد صاحب مؤرخ احمدیت

کچھ یادیں کچھ باتیں

خاکسار کے لئے یہ بڑے اعزاز کی بات ہے کہ بیس سال سے زائد کا عرصہ آپ کے ساتھ کام کرنے کی توفیق ملی۔

خاکسار 7 فروری 1989ء کو اپنی تقرری کی چٹھی دستی لے کر آپ کے پاس حاضر ہو گیا۔ آج اتنی لمبی رفاقت کل کی بات لگتی ہے۔ جو دلگداز اور دلفریب یادوں سے لبریز ہے۔ آپ کی شخصیت اور حیثیت کے متعدد پہلوؤں نے بے حد متاثر کیا۔ آپ کی جدائی اور مفارقت کا غم دل کی گہرائیوں تک محسوس ہوتا ہے۔ بشری کمزوریوں سے قطع نظر جن سے کوئی بھی مبرا نہیں میں نے آپ کو نہایت شفیق، مہربان اور ہمدرد پایا۔ جس کا اندازہ درج ذیل واقعات سے بخوبی لگایا جاسکتا ہے۔

اول: آپ کو خدا تعالیٰ کے فضل سے جلد ہی خاکسار پر اعتماد پیدا ہو گیا تھا۔ چنانچہ دفتر کی ایک چابی مجھے دے دی۔ میں دفتری اوقات کے بعد بھی آ کر کام کرتا رہتا تھا۔

دوم: شعبہ تاریخ میں آئے ہوئے خاکسار کو ابھی سوا سال ہوا تھا۔ اس وقت میرے علاوہ پانچ مربیان کرام کام کر رہے تھے۔ تلونڈی موسیٰ خاں میں ایک جماعتی اجلاس میں آپ مدعو تھے۔ مخالفین کی مداخلت کی وجہ سے نہ جلسہ ہوا نہ تقریر، لیکن دس احمدیوں پر جن میں آپ بھی شامل تھے معاندین احمدیت نے مقدمہ درج کرا دیا۔ چنانچہ 3/اپریل 1990ء کو آپ سنٹرل جیل گوجرانوالہ میں ایک ماہ تک اسیر راہ مولیٰ رہے۔

13/اپریل 1990ء کو آپ نے جیل سے مجھے خط لکھا جس کا آغاز اور مضمون کچھ اس طرح تھا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

''سنٹرل جیل گوجرانوالہ، مورخہ 13/اپریل 1990ء، 13 شہادت 1369 ھش

محترم چوہدری ریاض محمود صاحب باجوہ، انچارج دفتر شعبہ تاریخ۔

السلام علیکم ورحمة اللّٰہ برکاتہ۔ کان اللّٰہ معکم وایدکم

اُمید ہے آپ اور دیگر معزز رفقائے ادارہ ہر طرح بخیریت ہوں گے۔ اور مفوضہ علمی خدمات کی بجا آوری میں سرگرم عمل، براہ کرم سب کی خدمت میں میرا محبت بھرا اسلام پہنچا دیں۔

نیز یہ کہ احقر کو رمضان کی نیم شبی دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں..... آپ سب حضرات سلسلہ کے فدائی و شیدائی اور مربی احمدیت ہیں۔ اس لئے مجھے یہ یاددہانی کرانے کی ہرگز ضرورت نہیں کہ موجودہ مرحلہ میں جب ایک خادم دین اپنے محاذ پر نہیں دوسرے خدام دین کو اس کمی کی تلافی کے لئے اپنی جدوجہد پہلے سے بہت تیز کر دینی ہے تا سلسلہ کے مقاصد کو نہ صرف یہ کہ کوئی گزند نہ پہنچے بلکہ اس کی تکمیل جلد سے جلد ہونے کی رفتار میں بے حد اضافہ ہو جائے..... جو صاحب بھی میرے متعلق پوچھیں انہیں میرا اسلام اور درخواست دعا ضرور پہنچا دیں کسی تفصیل میں ہرگز نہ جائیں۔ ؎

اے عدم احتیاط لوگوں سے
لوگ منکر نکیر ہوتے ہیں

خادم ناچیز محتاج دعا، شاہد

اس خط میں پہلی دفعہ آپ نے مجھے انچارج دفتر کے رنگ میں مخاطب کیا اور اپنی وفات تک یہ ذمہ داری میرے سپرد ہی کئے رکھی۔

سوم: ہر سال عید الفطر پر میرے بچوں کو آپ عیدی دیتے رہے۔ پھر عید والے دن مٹھائی بھجواتے رہے۔ یہ مٹھائی وغیرہ کا تحفہ اکثر مکرم ڈاکٹر سلطان احمد مبشر صاحب دے کر جاتے تھے۔ اگر خاکسار کی طبیعت کبھی خراب ہوتی تو بھی ڈاکٹر صاحب کو پابند کرتے کہ وہ میرا خیال رکھیں اور حسب ضرورت تعاون کریں۔

کئی دفعہ آپ نے خاکسار کو کتب، قلم، ڈائری اور پرفیوم وغیرہ طرز کے تحائف سے نوازا۔

23/اگست 1990ء کی بات ہے کہ خاکسار صبح دفتر آیا تو ابھی لائبریری گیٹ کے قریب تھا۔ آپ اس وقت سٹینڈ پر سائیکل رکھ کر اندر آنے لگے سامنے خاکسار نظر آیا تو مجھے بلا کر آپ نے مجھے ایک کتاب ''المختصر فی تفسیر القرآن'' دی اور فرمایا کہ میرے پاس اس کی دو کاپیاں تھیں۔ اس لئے ایک آپ کو تحفۃً دیتا ہوں نیز فرمایا آنحضرت ﷺ کا ارشاد ہے کہ جس سے محبت ہو اس کو بتا دینا چاہئے اور یہ کتاب اسی پہلو کے اظہار کے لئے بھی ہے۔ کسی کو کتاب دیتے ہوئے اپنے دستخط کم ہی کرتے تھے۔ سوائے خاص تعلق ناطے کے۔ میں نے آپ کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا اور آپ کی اس دلداری پر دل ہی دل میں بہت حیران بھی تھا۔

اسی طرح خاکسار آپ کے پاس ایک دن آپ کی لائبریری میں بیٹھا تھا۔ اس وقت آپ نے اپنا ایک جائے نماز عنایت فرمایا۔ جو بطور یادگار میرے پاس محفوظ ہے۔ صد سالہ خلافت جوبلی کے حوالے سے ایک قلم آپ کو ایک امیر صاحب نے بھجوایا تھا۔ آپ نے ازراہ شفقت وہ قلم مجھے عنایت کر دیا۔ انہی دنوں ایک ڈائری آئی وہ بھی مجھے دے دی۔ دفتر میں اکثر ایسا ہوتا کہ آپ اپنی طرف سے تمام ممبران شعبہ کو چائے وغیرہ پلاتے۔ اور ہر سال ایک دعوت چائے کی ان سب مربیان کرام کی کرتے تھے۔ جنہوں نے مختلف اوقات میں شعبہ تاریخ میں کام کیا تھا۔

چہارم: وقتاً وقتاً حالات کے مطابق آپ میری بڑی حوصلہ افزائی کرتے رہے۔ مارچ 1998ء کی بات ہے خاکسار نے طبیعت خراب ہونے کی وجہ سے 9,8 مارچ یعنی دو دن کی رخصت لی اور گھر آ گیا۔ آپ کو طبیعت کی خرابی کا علم ہوا تو اسی دن آپ نے فوراً میرے نام ایک خط لکھا جو درج ذیل تھا۔

آنمکرم کے رقم فرمودہ مکتوب سے طبیعت کی ناسازی کا علم ہوا اور دل سے دعا نکلی کہ رب کریم آپ کو شفائے کامل و عاجل عطا فرمائے اور آپ جیسے نافع الناس وجود کو عمر خضر بخشے کہ ہر نیک طاقت و قدر اسی کو حاصل ہے۔ میں کوشش کروں گا کہ عسکری صاحب (مراد بشارت احمد صاحب مددگار کارکن) یا کسی اور رکن شعبہ کو آپ کی خدمت میں بھجوا تا رہوں تا اگر کوئی ضروری کام ہو تو بجا آوری کی سعادت حاصل کر سکیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے عظیم بخشے کہ گزشتہ مکتوب میں آپ نے ایک نہایت پیارے ساتھی کی حیثیت سے خدمت دین میں مجھ ناچیز کا پہلے کی طرح ہمیشہ ہاتھ بٹانے کا عزم فرمایا ہے۔ خدا تعالیٰ آپ کو ہر لحہ روح القدس سے نوازے اور پہلے سے بڑھ کر خدمات دینیہ کی توفیق عطا کرے۔ ع

تیرے اس لطف کی اللہ ہی جزا دے ساقی

کام کی زیادتی اور محنت کا اثر انسان کے پورے اعصاب، آنکھ اور ذہن و دماغ پر ضرور پڑتا ہے اور یہ اثر ہی شاہد ناطق ہوتا ہے کہ خدا کے فضل سے خدمت سلسلہ میں اپنی پوری توانائیاں خرچ کر دی گئی ہیں۔ لہٰذا یہ تھکن اور اعصا شکنی اور ذہنی پریشانی آرام کا تقاضا کرتی ہے بنا بریں آپ نے بہت اچھا کیا ہے کہ دو دن کی رخصت لے لی اس کے بعد اگر اضافہ کی ضرورت ہو تو بلا تکلف لکھ دیں اس سے آپ کی صحت پر بہت خوشگوار اثر پڑے گا۔ اور بفضل اللہ تعالیٰ آپ کی استعدادوں میں نئی بہار آ جائے گی۔ انشاء اللہ

اس خط کے آخر میں یہ الفاظ ''فلا تنسنی فی دعاءک یا سیدی۔ ناچیز شاہد'' درج تھے۔

پنجم: جب بھی کوارٹر پر آپ کے پاس جانے کا اتفاق ہوا۔ ہمیشہ چائے وغیرہ یا مشروب سے ضیافت فرماتے۔ اور نہایت احترام اور شفقت سے پیش آتے تھے اور مخاطب بھی ایسے الفاظ میں کرتے کہ جس سے مخاطب کی دلداری ہو نہ کہ دلشکنی۔ دفتر میں اپنے سمیت سب ممبران کے آپ نے قلمی نام بھی تجویز کئے ہوئے تھے اپنے ہاتھ سے وہ نام تحریر فرما کر میرے سپرد وہ کاغذ کر دیا جو خاکسار کے پاس محفوظ ہے اس میں میرا قلمی نام ''مولانا ریاض الملت'' اور اپنا ''شاہد عجمی'' تحریر فرمایا۔

دفتر میں جب بھی آپ کو میرے متعلقہ کوئی کام ہوتا تو بڑے احترام کے انداز میں بلاتے تھے۔ دفتر میں ایک دفعہ میں کسی بات سے پریشان تھا۔ آپ نے اپنے پاس بلایا اور ایسے رنگ میں تسلی دی کہ خاکسار نے خود کو بہت مطمئن پایا۔ ایک دفعہ خاکسار کسی بات کی وجہ سے آپ سے ناراض تھا۔ آپ نے ہم سب ممبران کو اپنے پاس بلا بٹھایا پھر اپنی جیب سے سو روپیہ نکال کر کارکن مکرم بشارت احمد صاحب کو دے کر کہا کہ فروٹ وغیرہ لاؤ تا کہ ہم مل کر کھائیں۔ گویا اس طرح آپ نے اپنی جیب سے پیسے خرچ کر کے اپنے ماتحت کی ایسی دلداری کی جو ناقابل فراموش ہے۔

ششم: خاکسار کی آپ کے ساتھ غیر معمولی ذہنی اور قلبی ہم آہنگی اور موافقت تھی۔ متعدد اوقات میں جب آپ مجھ سے کسی امر میں مشورہ لیتے تو میری رائے کو پسند فرماتے تھے اور کئی دفعہ آپ فرماتے کہ ہاں میری بھی یہی سوچ اور رائے تھی۔ اسی طرح میری حوصلہ افزائی بھی کر دیتے۔ آپ سے ذہنی اور قلبی تعلق عجیب تھا کہ آپ کے متعلق کئی دفعہ ایسے خواب دیکھے جو ظاہر میں اُسی طرح پورے ہوئے۔

مثلاً 7 جنوری 2000ء بروز منگل نماز مغرب کی ادائیگی کے لئے آپ گھر سے سائیکل پر بیت المبارک کی طرف جاتے ہوئے گر گئے۔ جس سے کولہے کی ہڈی ٹوٹ گئی۔ فضل عمر ہسپتال میں آپریشن ہوا۔ خاکسار نے خواب میں دیکھا کہ آپ دفتر آئے ہیں۔ چنانچہ کافی حد تک ٹھیک ہو گئے اور پھر وہیل چیئر پر 14 مارچ 2000ء سے آپ نے دفتر آنا شروع کر دیا۔ کچھ عرصہ تو اسی طرح آتے رہے پھر بیساکھیوں کے سہارے آنے لگے۔

ایک دن میں نے عرض کیا کہ میں نے آپ کو خواب میں چھڑی سے چلتے دیکھا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ یہ تو واضح ارشاد ہے کہ اب مجھے چھڑی کے سہارے چلنا شروع کر دینا چاہئے۔ چنانچہ جلد ہی آپ نے چھڑی کا سہارا اختیار کر لیا اور 19 جولائی 2009ء تک خدا تعالیٰ کے فضل سے اسی طرح دفتر آتے رہے۔

ہفتم: خاکسار آخر میں ایک پہلو کا ذکر کرنا ضروری خیال کرتا ہے۔ خدا تعالیٰ کے فضل سے خاکسار کو آپ کی مختلف موقعوں پر خدمت کی توفیق ملی۔ جون 2003ء میں آپ کی طبیعت کافی ناساز ہو گئی تھی۔ حضور انور کی ہدایت پر آپ 19 جون 2003ء کو اسلام آباد تشریف لے گئے۔ آپ کی خواہش پر خاکسار بھی آپ کے ساتھ تھا۔ 19 تا 24 جون 2003ء چھ دن خاکسار کو بیت الفضل اسلام آباد میں آپ کی خدمت اور دیکھ بھال کی توفیق ملی۔ اسی طرح دوبارہ 6 تا 13 جولائی 2003ء آٹھ دن خاکسار آپ کے پاس رہا اور آپ کی خدمت کا موقعہ ملا۔ آپ کی ایک اور پہلو سے بھی خدمت کی توفیق ملی۔ یکم تا 19 جولائی 2009ء زیادہ تر خاکسار آپ کو خود گاڑی پر گھر سے دفتر اور دفتر سے گھر لے کر آتا جاتا رہا۔ پھر سفر آخرت میں آپ کو غسل دینے والوں میں بھی شامل ہونے کا موقعہ ملا۔

مکرم نذیر احمد سانول صاحب

محترم چوہدری اللہ رکھا صاحب نمبردار 98 شمالی سرگودھا

چوہدری اللہ رکھا صاحب بھنڈر نمبردار چک نمبر 98 شمالی ضلع سرگودھا، حضرت چوہدری نتھے خان صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کے فرزند اکبر تھے۔ سرگودھا کی آبادکاری 1901ء میں شروع ہوئی تو اپنے اصل وطن مگرا ضلع سیالکوٹ کو خیرباد کہہ کر اپنے والد صاحب کے ہمراہ تشریف لائے۔ والد صاحب نمبردار تھے نیک خصال صاحب ثروت اور اثر ورسوخ والے تھے آپ نے ابتدائی تعلیم اپنے گاؤں مگرا ضلع سیالکوٹ سے حاصل کی اور والد صاحب کے ساتھ زمینداری میں ہاتھ بٹایا۔ اپنی قابلیت محنت اور سمجھداری سے زمیندارہ کو پروان چڑھایا۔ رقبہ آباد کیا۔ اچھی اعلیٰ اور مثالی فصل حاصل کی۔ ڈیرہ بھی آباد رکھتے اور اعلیٰ نسل کے خوبصورت جانور پالتے اور اعلیٰ نسل کے گھوڑے پالتے علاقے کے کامیاب معروف زمینداروں میں آپ کا نام شامل تھا۔

